# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 31 August-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۳۱/اگست ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

**** **** *****

::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی جانب سے عائد کردہ مختلف ٹیریف وفاقی عدالت سے منسوخ۔

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی شنگھائی تعاون تنظیم کے 25 ویں سربراہی اجلاس کیلئے چین پہنچے۔

☆ ریاستی کابینہ نے مراٹھا ریزرویشن سے متعلق حیدرآباد گیزیٹ سمیت کئی چیزوں کو کیا اُصولی طور پر منظور۔

☆ آج جیشٹھا گنیشٹھا گوری کی آمد؛ سجاوٹی اشیاء کی خریداری کیلئے بازاروں میں بھیڑ۔

اور۔۔۔☆ بیڑ ضلعے میں تیز رفتار کنٹینر کی زد میں آکر چھ راہگیروں کی موت۔

**** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

ایک وفاقی عدالت نے فیصلہ دیا ہے کہ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی جانب سے عائد کردہ مختلف درآمدی محصولات غیر قانونی ہیں۔ عدالت نے نوٹ کیا کہ ٹیکس کو انٹرنیشنل ایمرجنسی پاورز ایکٹ کے ذریعے تقسیم نہیں کیا گیا ہے۔ وائٹ ہاؤس کے ترجمان کُش دیسائی نے کہا کہ ٹرمپ انتظامیہ کو وفاقی عدالت کے فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ میں اپیل کرنے کیلئے 14 اکتوبر تک کا وقت دیا گیا ہے اور اُس وقت تک ٹیریف نافذ رہیں گے۔

**** **** *****

شنگھائی تعاون تنظیم کا 25 واں سربراہی اجلاس آج سے چین کے شہر تیانجن میں شروع ہو رہا ہے۔ دو روزہ سربراہی اجلاس میں تنظیم کے گذشتہ 25 سالوں کے کاموں کا جائزہ لیا جائے گا اور اگلے دس سالوں کیلئے حکمتِ عملی تیار کی جائیگی۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی اس اجلاس میں شرکت کیلئے جاپان سے چین پہنچے۔ بھارتی نژاد شہریوں نے ان کا استقبال کیا۔

دریں اثناء وزیرِ اعظم نریندر مودی آج ''من کی بات'' پروگرام کے ذریعے ہم وطنوں سے بات کریں گے۔ یہ پروگرام صبح گیارہ بجے آکاشوانی اور دوردرشن کے تمام چینلوں پر براہِ راست نشر کیا جائے گا۔

**** **** *****

رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں ملکی معیشت نے اچھی نمو ریکارڈ کی ہے۔ مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے کہا ہے کہ ملک کی معیشت نہ صرف دنیا کی سب سے تیزی سے ترقی کرنے والی معیشت ہے بلکہ GDP میں اضافہ بھی قابلِ ذکر ہے۔

دریں اثناء تجارت اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بھارت کی معیشت نے اصلاحات اور لچک کی طاقت پر عالمی سطح پر رفتار حاصل کی ہے۔ ملک بھر کے ماہرین اقتصادیات نے بھی اس پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔

**** **** *****

حکومت نے تعلقہ سطح پر تحصیلدار کی صدارت میں تشکیل دی گئی شجرۂ نسب کمیٹی کی معیاد 30 جون 2026 تک بڑھا دی ہے۔اس سلسلے میں حکومتی فیصلہ سماجی انصاف اور خصوصی معاونت کے محکمے نے جاری کیا ہے۔سماجی انصاف کے وزیر سنجئے شرساٹ نے کل ممبئی میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے یہ اطلاع دی۔شرساٹ نے یہ بھی کہا کہ حکومتی فیصلے میں کہا گیا ہے کہ 25 جنوری 2024 کے حکومتی فیصلے کی تمام شقیں مذکورہ کمیٹی پر نافذ رہیں گی۔

***** ***** *****

ریاستی کابینہ نے مراٹھا ریزرویشن سے متعلق حیدرآباد گیزیٹ سمیت کچھ چیزوں کو اُصولی طور پر منظوری دی ہے۔مراٹھا ریزرویشن پر کمیٹی کے چیئر مین سبکدوش جج جسٹس سندیپ شندے نے کل ممبئی کے آزاد میدان پر بھوک ہڑتال کرنے والے لیڈر منوج جرانگے پاٹل سے ملاقات کی اور بات چیت کی،اس کے دوران انھوں نے یہ اطلاع دی۔ریاست بھر سے کُنبی صداقت ناموں کیلئے 58 لاکھ درخواستیں موصول ہوئی ہیں جن میں سے دس لاکھ افراد کو کُنبی صداقت نامے دیئے گئے ہیں۔شندے نے کہا کہ ذات کا صداقت نامہ فرد کو دیا جاتا ہے خاندان کو نہیں۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے اس بات کا اعادہ کیا ہے کہ مراٹھا ریزرویشن کے مسئلے کو آئینی دائرۂ کار میں حل کیا جائے گا،جبکہ بزرگ لیڈر شرد پوار نے اس مطالبہ کو دہرایا کہ ریزرویشن کے مسئلے کو قومی سطح پر لے جانا چاہیے اور اس کیلئے آئین میں ترمیم کی جانی چاہیے۔تملناڈو میں ریزرویشن کی حد 72 فیصد ہونے کی نشاندہی کرتے ہوئے شرد پوار نے بھی ریزرویشن کی حد بڑھانے کی ضرورت کا اظہار کیا۔

نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار نے پوار کی رائے پر تنقید کی ہے۔اجیت پوار نے کہا کہ شرد پوار آج یہ مشورہ دے رہے ہیں لیکن وہ دس سال تک اقتدار میں تھے۔

***** ***** *****

او بی سی فیڈریشن کے قومی صدر ببن راؤ تائیواڑے نے ریزرویشن کے معاملے پر ناگپور میں بھوک ہڑتال کی کال دی ہے۔تائیواڑے نے کہا ہے کہ انکی بھوک ہڑتال او بی سی ریزرویشن کے تحفظ کیلئے ہے اور وہ اس وقت تک بھوک ہڑتال واپس نہیں لیں گے جب تک انھیں حکومت کی جانب سے تحریری ضمانت نہیں مل جاتی کہ مراٹھا ریزرویشن کو نافذ کرتے ہوئے او بی سی ریزرویشن متاثر نہیں ہوگا۔

***** ***** *****

**یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔**

***** ***** *****

مرکزی وزیرِ داخلہ وتعاون امت شاہ نے کل ممبئی میں اپنے خاندان کے ساتھ لال باغ کے راجہ کا دورہ کیا۔شاہ نے ورشا بنگلے کا بھی دورہ کیا اور وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کی رہائش گاہ پر نصب گنیش مورتی کے درشن کیے۔مرکزی وزیرِ صحت اور بی جے پی صدر جے پی نڈا نے بھی پونے کے گاؤں کے قصبہ گنپتی اور دَگڑو سیٹھ حلوائی گنپتی کا درشن کیا۔

***** ***** *****

کنشٹھا گوری یعنی مہالکشمی کی آج آمد ہورہی ہے۔تین دنوں تک چلنے والے اس تہوار کی تیاری کیلئے گھروں کی خواتین نے تیاریاں کی ہیں۔گوری کی ساڑیاں،زیورات اور دیگر سجاوٹی اشیاء کی خریدی کیلئے بازاروں میں بھیڑ دیکھنے کو مل رہی ہے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے میں ایک تیز رفتار کنٹینر کی ٹکر سے چھ افراد کی موت واقع ہوئی ہے۔ یہ حادثہ کل صبح دھولیہ-شولاپور قومی شاہراہ پر پینڈ گاؤں پھاٹے پر پیش آیا۔ حادثے میں ہلاک ہونے والے تمام افراد درشن کیلئے پینڈ گاؤں جا رہے تھے۔ ریاست کے نائب وزیر اعلیٰ اور بیڑ ضلع کے رابطہ وزیر اجیت پوار نے اس واقعہ پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے پولس انتظامیہ کو حادثے کی مکمل تحقیقات کرنے اور قصورواروں کے خلاف سخت کارروائی کرنے کا حکم دیا ہے۔

***** ***** *****

جالنہ کی ضلع کلکٹر آشیما متل نے ہدایت دی ہے کہ مرکزی اور ریاستی حکومتوں کی مختلف اسکیموں کو مؤثر طریقے سے نافذ کیا جائے۔ وہ کل جالنہ ضلع کلکٹر دفتر میں منعقدہ افسران کے تربیتی کیمپ سے خطاب کر رہی تھیں۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے ہولی کراس انگلش ہائی اسکول کو سنسکرت انوراگی اسکول ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔ سنسکرت پرتشٹھان سنستھا کی جانب سے دیا جانے والا ڈاکٹر چمپالال دیسرڈا سنسکرت انوراگی اسکول ایوارڈ، اسکول کی پرنسپل سسٹر سنتھیا فرنانڈیس، اسکول کے سنسکرت کے معلم گریش جوشی اور انیرڈھ مہاجن کو دیا گیا۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلعے کے آکھاڑہ بالاپور زرعی مارکیٹ کمیٹی کے بورڈ آف ڈائریکٹرس کے انتخاب کیلئے 96 فیصد رائے دہندگان نے ووٹ کا حق ادا کیا، جو رائے دہی کا 92 فیصد ہے۔ ان انتخابات کے ووٹوں کی گنتی آج صبح آٹھ بجے شروع ہوئی۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے میں موسلا دھار بارش سے فصلوں کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچا۔ سابق وزیر دھننجے منڈے اور رکنِ اسمبلی سندیپ شر ساگر نے نقصانات کے پنچنامے فوری مکمل کرنے اور متاثرین کو فوری طور پر معاوضہ دینے کا مطالبہ کیا ہے۔

دریں اثناء مانجرا آبی پشتے کے تمام دروازے کل دوپہر بند کر دیے گئے۔ دھارور تعلقے کی وان ندی کے سیلاب میں بہہ جانے والے انیل لوکھنڈے کی نعش کل صبح ملی۔ انیل لوکھنڈے گذشتہ 27 اگست کو سیلاب میں بہہ گئے تھے۔

***** ***** *****

لاتور ضلعے میں شدید بارش کی وجہ سے تقریباً ایک لاکھ 47 ہزار 593 ہیکٹر رقبے پر محیط کھیتوں کو نقصان پہنچا ہے۔ ضلعے کے 550 دیہات متاثر ہوئے ہیں اور 406 مکانات منہدم ہو گئے ہیں۔ متاثرہ کسانوں نے فوری طور پر نقصانات کے پنچنامے کر کے حکومت کی جانب سے امداد فراہمی کی امید ظاہر کی ہے۔ دریں اثناء ضلع میں بارش کا سلسلہ تھم جانے کے باعث بیشتر پشتوں سے پانی کا اخراج کم کر دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے کے رابطہ وزیر اتل ساوے اور سابق وزیر اعلیٰ و رکنِ پارلیمان اشوک چوہان نے بارش سے متاثرہ علاقوں کے کئی دیہاتوں کا دورہ کیا اور نقصانات کا راست معائنہ کیا اور شہریوں سے بات چیت کی۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے میں، فصل بیمہ کے مطابق مونگ اور ماش کی فصلوں کی کٹائی کے تجربات شروع کیے گئے ہیں۔ اس کے ذریعے انشورنس معاوضے کا تعین کیا جاتا ہے، اس کے پیشِ نظر رکنِ اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے تمام کسانوں سے اس پر توجہ دینے کی اپیل کی ہے۔

اسی دوران سینا کوڑے گاؤں آبی منصوبے کے 10 دروازوں سے 15 ہزار ملین کیوبک فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی خارج کیا جا رہا ہے۔

ساتھ ہی چھترپتی سمبھاجی نگر ضلعے کے جائیکواڑی پشتے میں 22 ہزار 284 ملین مکعب میٹر فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی کی آمد ہو رہی ہے اور گوداوری ندی میں 9 ہزار 400 ملین کیوبک فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی چھوڑا جا رہا ہے۔

***** ***** *****

مغربی مہاراشٹر، خاندیش اور مراٹھواڑہ کے کچھ علاقوں کو چھوڑ کر آج ریاست میں بارش کا یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ مراٹھواڑہ میں چھترپتی سمبھاجی نگر، جالنہ اور پربھنی اضلاع میں بارش کی پیشن گوئی محکمۂ موسمیات نے کی ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی جانب سے عائد کردہ مختلف ٹیریف وفاقی عدالت سے منسوخ۔

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی شنگھائی تعاون تنظیم کے 25 ویں سربراہی اجلاس کیلئے چین پہنچے۔

☆ ریاستی کابینہ نے مراٹھا ریزرویشن سے متعلق حیدرآباد گیزیٹ سمیت کئی چیزوں کو کیا اُصولی طور پر منظور۔

☆ آج جیشٹھا گنیشٹھا گوری کی آمد؛ سجاوٹی اشیاء سے بازار تیار۔

اور۔۔۔☆ بیڑ ضلعے میں تیز رفتار کنٹینر کی زد میں آ کر چھ راہگیروں کی موت۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****